اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ’’مال کی آفت سے بچانا، غم مدینہ میں رُلانا‘‘ کے 30 حروف کی نسبت سے مجلسِ مالیات کے 30 مدَنی پھول

## فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

پچھلے اخراجات کا حساب دیں اور اگلے اخراجات کی رقم لیں اس سے نظام بہتر رہتا ہے۔

**﴿1﴾** فرمانِ مصطفیٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلسِ مالیات کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ’’**72 مدنی انعامات**‘‘ میں سے ’’**مدنی انعام نمبر 1**‘‘ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ’’میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ’’**مجلس مالیات**‘ کا مدَنی کام، مدَنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ۔‘‘

**﴿2﴾** دعوتِ اسلامی کے تمام شعبہ جات میں ’’**مالیات**‘‘ اہم ترین شعبہ ہے اور اس کی حیثیت آکسیجن کی سی ہے۔

❁ **مجلسِ مالیات** کا کام، دعوتِ اسلامی کے مالیات کے نظام کو بہتر کرنا، مدنی عطیات کی آمدن بڑھانے کے لئے کوشش کرنا اور شریعت و تنظیم کے دائرے میں رہتے ہوئے مدنی عطیات کا صحیح استعمال کرنا ہے۔

**﴿3﴾** مجلسِ مالیات کے ذمہ داران دیانت دار، بااخلاق، باکردار، دعوتِ اسلامی کی اصطلاحات سے واقف ہونے چاہیں جو کہ اپنے شعبے کے بارے میں مکمل معلومات رکھتے ہوں۔

**﴿4﴾** مجلسِ مالیات کے ذمہ داران، رشوت، تعلقات، مُداھَنَت (مُداھَنَت کے لغوی معنیٰ نرمی کے ہیں۔ ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد (اِسے روکنے پر قادِر ہونے کے باوجود) اِسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد و نصرت میں کمزوری و کم ہمتی کا مظاہرہ کرنا مداہنت کہلاتا ہے یا کسی بھی دُنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا مُداھَنَت ہے)، وقف اور اجارہ کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: چندے کے بارے میں سوال جواب، چندہ جمع کرنے کی شرعی احتیاطیں، حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول، فیضانِ سنّت جلد اوّل صفحہ 539 تا صفحہ 554 تک ☆ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 451 ☆ بہارِ شریعت (جلد سوم، حصہ 16، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ کراچی) ☆ نیز فتاوی رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 تک نیز ضرورتاً ’’دارالافتاء اہلسنّت‘‘ سے تنظیمی طریقہ کار کے مطابق رہنمائی بھی لیتے رہیں (وقتاً فوقتاً مجلسِ مالیات کے ملکی سطح کے ذمہ داران، شہر مالیات، کابینہ منیب و محاسب اور دیگر ذمہ داران کے ٹیسٹ بھی لیں)

**﴿5﴾ مجلسِ مالیات کے ذمہ داران**، دعوتِ اسلامی کے مدنی عطیات کے لئے **شخصیات و مخیّر** حضرات سے **پیشگی وقت** لیکر ملاقات کریں۔ ❁ بہتر یہ ہے کہ ملاقات کے لئے 2 یا 3 اسلامی بھائی مل کر جائیں ❁ دورانِ ملاقات شخصیات و مخیّر حضرات کو **دعوتِ اسلامی** کے مدنی کاموں اور اس کے شعبہ جات مثلاً مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، دارالمدینہ، مساجد کی تعمیرات، مدنی قافلہ، مدنی چینل، شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، مجلس خصوصی اسلامی بھائی، مجلس اصلاح برائے قیدیان کا تعارف کروائیں، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات سے آگاہ کریں اور موقع پاتے ہی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید یا طالب بنائیں ❁ دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں پر صرف ہونے والے اخراجات بتا کر ماہانہ مدنی عطیات دینے کا ذہن دیں، ممکن ہو تو ان کے ہاں مدنی عطیات بکس (Box) رکھنے کی بھی ترکیب بنائیں ❁ دورانِ ملاقات اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر کلام کرنے سے **مکمل اِجتناب کریں**۔ **اِنفرادی کوشش** کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ، اِخلاص و اخلاقِ حَسَنہ سے متعلق گفتگو کریں نیز انبیاء و صحابہ و اولیاء (علیہم الصلوۃ والسلام وعلیہم الرضوان) کی اسلام کی خاطر قربانیاں اور اصلاحِ امت کے لئے دعوتِ اسلامی اور بانیٔ دعوتِ اسلامی دامت برکاتہم العالیہ کا کردارِ باصفا جیسے عنوانات و تعارفِ امیر اہلسنّت کتاب کے مطابق ہی گفتگو کیجئے۔

**﴿6﴾** حدیثِ پاک میں ہے ’’تَھَادَوْا تَحَابُّوْا‘‘ یعنی **ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی**۔ (مؤطا امام مالک، ج۲، ص۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذاتی طور پر حسبِ اِستطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مدنی عطیات دینے والی شخصیات کو مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل اور میموری کارڈ وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

**﴿7﴾** مخیّر حضرات کے کارخانے/ کاروباری مرکز/ دکان/ دفتر/ گھروں میں مدنی چینل کی ترکیب بنائیں۔ انہیں مدنی چینل کے سلسلوں کا تعارف کروائیں اور دیکھتے رہنے کا ذہن بنائیں۔

**﴿8﴾ مجلسِ مالیات** دعوتِ اسلامی کے ہر شعبے میں مالیات کا یکساں نظام (مدنی مرکز کے عطا کردہ طریقہ کار کے مطابق) نافذ کرے۔

**﴿9﴾** ہر شہر سطح کی مجلس مالیات اپنے آمدن و اخراجات کا سالانہ میزانیہ/ بجٹ (Budget) یکم جولائی تا 30 جون تک بنائے اور ہر شعبے کو اُس کے متعلقہ میزانیہ/ بجٹ (Budget) سے آگاہ کرے۔ اگر دورانِ سال کسی شعبے کا میزانیہ/ بجٹ (Budget) کم پڑتا محسوس ہو تو تحریراً اپنے کابینہ ذمہ دار کے ذریعے نگرانِ کابینہ کو 3 ماہ قبل اِطلاع کرے۔

**﴿10﴾** ہفتہ وار اجتماع کے لیے جو بسیں/ گاڑیاں چلتی ہیں، اوّلاً شرکائے اجتماع سے کرایہ ضرور جمع کیا جائے اگر اخراجات پورے نہ ہوں تو پھر شہر مالیات مدد کرے۔ بڑی راتوں کے اجتماعات (یعنی بارہویں و گیارہویں شب، شبِ معراج، شبِ براءت، شبِ

قدر وغیرہ) پرجمع کئے ہوئے مدنی عطیات سے اخراجات کرنے کی اجازت نہیں، اس کے لئے الگ سے مدنی عطیات کئے جائیں اور گوشوارے میں اس کی آمدنی واخراجات کا اندراج لازمی کریں، ہر اجتماع کا مکمل ریکارڈ رکھیں۔ یاد رہے! ہر آمدنی و خرچ مجلسِ مالیات کے علم میں ہونا چاہئے۔

﴿11﴾ اپنا اُصول بنالیں کہ کسی سے بھی مدنی عطیات یا کوئی سامان وغیرہ لیں تو کسی مدِّ مخصوص میں نہیں بلکہ دعوتِ اسلامی کے نام پر لیں۔ بالفرض کسی مدِّ مخصوص کے لیے لیا گیا تو واجب ہے کہ اُسی مد میں استعمال ہو (بحوالہ چندے کے بارے میں سوال جواب)۔ بڑی راتوں کے اجتماعات (یعنی بارہویں وگیارہویں شب، شبِ معراج، شبِ براءت، شبِ قدر، مدنی چینل اجتماعات، اعتکاف وغیرہ) کے موقع پرجمع کئے ہوئے مدنی عطیات سے اخراجات کرنے کی اجازت نہیں، اس کے لئے الگ سے مدنی عطیات کئے جائیں اور گوشوارے میں اس کی آمدنی واخراجات کا اندراج لازمی کریں، ہر اجتماع کا مکمل ریکارڈ رکھیں۔

یاد رہے! ہر آمدنی وخرچ کا حساب مجلس مالیات کو دینا ضروری ہے۔

﴿12﴾ صدقاتِ واجبہ یعنی زکوٰۃ وفطرہ، عشر، نمازوں کا فدیہ، روزوں کا فدیہ الگ الگ رکھیں اور ان کا حساب بھی الگ الگ رکھیں تاکہ دونوں کسی صورت میں مل نہ جائیں نیز اگر قَسَم کا کفارہ وصول ہوتا ہے تو اسے بالکل الگ رکھیں اور اس کی مکمل تفصیل بھی لازمی درج کریں۔ (قَسَم کے بارے میں اہم معلومات حاصل کرنے کے لیے رسالہ "**قَسَم کے بارے میں مدنی پھول**" کا مطالعہ فرمائیں)

﴿13﴾ دعوتِ اسلامی کی تمام مجالس وذمہ داران جو ماہانہ وسالانہ مدنی عطیات جمع کرتے ہیں، ان کیلئے ضروری ہے کہ وصول ہونے والی تمام رقوم/ مدنی عطیات، اشیاء مجلس مالیات کو جمع کروا کر رسید حاصل کریں، مجلسِ مالیات ہر شعبے سے آنیوالی آمدنی کا مکمل ریکارڈ رکھے، کسی بھی شعبے والوں کو ازخود خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔

﴿14﴾ مدنی مرکز کی طرف سے طے شدہ اخراجات کے علاوہ کسی بھی قسم کے اضافی اخراجات نہ کئے جائیں۔ اخراجات کی پالیسی براہِ راست رُکن شوریٰ، مجلسِ مالیات سے حاصل کریں نیز مجلس مالیات کے ذمہ داران وقتاً فوقتاً مختلف شعبہ جات کی آمدن وخرچ کا احتساب (Audit) بھی کرتے رہیں تاکہ کسی بھی شعبے میں غیر شرعی اخراجات نہ ہوں۔

﴿15﴾ مجلسِ مالیات کے ذمہ داران وقتاً فوقتاً مختلف شعبہ جات کی آمدن وخرچ کا احتساب (Audit) بھی کرتے رہیں تاکہ کسی بھی شعبے میں غیر شرعی اخراجات نہ ہوں۔

﴿16﴾ جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ اور فیضانِ مدینہ وغیرہ کی نئی تعمیرات پر مرکزی مجلس شوریٰ کی طرف سے پابندی ہے۔ ایمرجنسی کی صورت میں پاکستان میں مجلسِ مالیات پاکستان اور بیرونِ ملک والے مجلسِ مالیات بیرونِ ملک سے رہنمائی حاصل فرمائیں۔

﴿17﴾ کوئی بھی ذمہ دار اپنے پاس مدنی عطیات جمع نہ رکھے بلکہ مدنی عطیات بینک ہی میں جمع کروائے جائیں، بینک اکاؤنٹ، جوائنٹ اکاؤنٹ ہو اور کم از کم 3 اسلامی بھائی شامل ہوں، جوائنٹ اکاؤنٹ کی ترکیب یوں کی جائے۔

**شہر سطح**: (i) نگرانِ ڈویژن مشاورت (ii) نگرانِ شہر مشاورت (iii) شہر ذمہ دار مجلسِ مالیات (نگرانِ ڈویژن مشاورت کے دستخط لازمی ہوں)

**کابینہ سطح**: (i) نگرانِ کابینہ (ii) کابینہ ذمہ دار مجلسِ مالیات (iii) کوئی بھی رکنِ کابینہ (نگرانِ کابینہ کے دستخط لازمی ہوں)

﴿18﴾ شرعی حیلہ کا اختیار صرف اور صرف مجلسِ مالیات کے تحت کام کرنے والی تفتیش مجلس کو ہے۔

﴿19﴾ نگرانِ مجلسِ مالیات پاکستان (بیرونِ ملک کے لئے متعلقہ رکنِ شوریٰ) کی اِجازت کے بغیر کسی بھی اجیر کو اپنے طور پر قرض دینے کی اِجازت نہیں۔ (غیر اجیر کو قرض دینے کی پالیسی نہیں ہے)

﴿20﴾ **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف مَدَنی کورسز کے ماہانہ اہداف :**

مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگران کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، **اِصلاحِ اعمال کورس، 12 مدنی کام کورس، فیضانِ نماز کورس** کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

﴿21﴾ **ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:**

| # | سطح | ذمہ دار | | # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شہر | شہر سطح پر 3 سے 5 رکنی مجلس | | 4 | ریجن | ریجن ذمہ دار (رکنِ مجلس) |
| 2 | کابینہ | کابینہ ذمہ دار | | 5 | ملک | نگرانِ مجلس |
| 3 | زون | زون ذِمہ دار | | 6 | مرکزی مجلسِ شوریٰ | رکنِ شوریٰ |

۞ شہر سطح پر 3 سے 5 رکنی مجلس ہوگی ۞ کابینہ سطح پر کابینہ ذمہ دار مقرر ہوگا ۞ ریجن ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں ۞ بیرونِ ملک کے ذمہ داران، نگرانِ مجلس بیرونِ ملک (رکنِ شوریٰ) کی اجازت سے اس شعبے میں کسی بھی سطح پر ذمہ دار مقرر کریں۔ ۞ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین ونگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔

(امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿22﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار | کابینہ | شہر ذمہ داران | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 5 | نگرانِ زون/زون ذمہ دار | زون | اراکینِ کابینہ | // |
| 3 | 6 | ریجن ذمہ دار/نگرانِ مجلس | ریجن | اراکینِ زون | // |
| 4 | 7 | رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | ریجن ذمہ داران (اراکینِ مجلس) | // |

**وضاحت**: **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس (ریجن ذمہ داران) کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں۔ایک ماہ بالمشافہ اور ایک ماہ بذریعہ اِنٹرنیٹ۔

❁ معمول (Routine) سے ہٹ کر ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا **ذمہ داران** کے سُنّتوں بھرے اجتماعات کے لیے اوّلاً ''**اجازت نامہ**''مکمل پُر کر کے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔ (مزید وضاحت کے لیے''**اجازت نامہ برائے مدنی مشورہ یا ذمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع**'' کے مدنی پھول بغور ملاحظہ کر لیجئے، یہ اجازت نامہ پاکستان انتظامی کابینہ دفتر سے میل ہو چکا ہے، بوقتِ ضرورت دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے)

**❁ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں عیسوی:** ❁ شہر:5 ❁ کابینہ:8 ❁ زون:12

❁ پاکستان:15 (ہر ماہ شہر / کابینہ ذمہ دار اپنی مالیات کی کارکردگی، جس میں مکمل گوشوارہ (Statement) بمع بنک اسٹیٹمنٹ و بنک پڑتال (Bank Reconcilation)، واجب الوصول (A/R) اور واجب الادا (A/P) کی تفصیلات ہوں، جمع کروانے کا پابند ہے)۔

**﴿23﴾** مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے **اجازت ضروری** ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کر لیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگران کابینہ مجلس مالیات کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگران سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مدنی مشورہ کروانا مفید ہے)

**﴿24﴾** پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار عیسوی ماہ کی 15 تاریخ تک **کارکردگی** پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک دفتر اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کر دیں۔ (یادرہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں۔)

**﴿25﴾** ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول عیسوی ماہ کی 19 تا 22 تاریخ تک اپنے نگران سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 1 تا 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران کو پیش کرے۔

**﴿26﴾** متعلقہ نگران کی مُشاوَرت سے شعبہ ذِمَّہ داران منگل کے روز ضرورتاً ایک دو گھنٹے کے لیے تحریری کام کی ترکیب بنائیں جس میں اپنے پچھلے ہفتے کی کارکردگی کا جائزہ اور آئندہ ہفتے کے جدول کی تیاری وغیرہ شامل ہو۔

**﴿27﴾** متعلقہ نگران سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ **مربوط** رہے گا وہ اتنا ہی **مضبوط** ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

**﴿28﴾** متعلقہ رکنِ شوریٰ/نگرانِ زون اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے کم وبیش ہر 63 دن بعد اپنی مجلس کے سنتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

**﴿29﴾ یادرہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں **تبدیلی** کر سکتے ہیں۔

**﴿30﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ (ہفتہ وار اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے ''**مدنی مذاکرے**'' میں اوّل تا آخر شرکت کو یقینی بنائیے، اس کی برکت سے علمِ دِین کا لازوال خزانہ ہاتھ آئے گا نیز ''مدنی انعام نمبر: 47'' پر عمل کرتے ہوئے مدنی چینل کے سلسلے، اصلاحی بیانات کے ساتھ ساتھ فیضانِ مدنی مذاکرہ اور فیضانِ فرض علوم میموری کارڈ (Memory Card) سننے کا بھی سلسلہ رکھیے، اس سے بھی کثیر فرض علوم حاصل ہوں گے۔ ان شاءاللہ عزوجل)

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، مدنی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنے مدنی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع

کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ (30 دن) اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، محبوب اور منظورِ نظر** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مرکزی مجلسِ شورٰی، زون اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ تمام ذمہ داران، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ** **مدنی مذاکروں** اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شورٰی، زون، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**مدینہ:** بیرونِ ملک کے ذِمہ داران متعلقہ رکنِ شورٰی کے مشورے و اِجازت سے ان مدنی پھولوں میں ترمیم و اضافہ کر سکتے ہیں۔

## مرکزی مجلسِ شورٰی ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء** (اپ ڈیٹ مدنی پھول): ١٥ رمضان المبارک ١٤٤٠ھ / 21 مئی 2019ء